## دہلی-این سی آر میں سوائن فلو کے بڑھتے کیسز پر تشویش

نئی دہلی: (ایجنسی) دہلی اور این سی آر میں اینچ 1 این 1 یعنی سوائن فلو کے بڑھتے معاملات کے پیش نظر دہلی میڈیکل ایسوسی ایشن (ڈی ایم اے) نے لوگوں کو محتاط رہنے اور انفیکشن سے بچاؤ کے لیے ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی اپیل کی ہے۔ ایسوسی ایشن کے مطابق ملک میں مانسون کے دوران اینچ 1 این 1 کے معاملات میں موسمی اضافہ دیکھا جا رہا ہے۔ انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن (آئی ایم اے) کی طبی ایڈوائزری کے مطابق ہندوستانی طبی تحقیق کونسل (آئی سی ایم آر) کی نگرانی میں فی الحال پھیل رہا وائرس عام موسمی اینچ 1 این 1 ہی ہے اور اس میں کسی نئے جینیاتی تغیر کی نشاندہی نہیں ہوئی ہے۔ زیادہ تر مریضوں میں انفیکشن کی شدت معمولی رہتی ہے اور وہ مناسب علاج کے بعد صحت یاب ہو جاتے ہیں۔ ڈی ایم اے کے مطابق این سی آر میں اب تک 2000 سے زیادہ معاملات سامنے آنے کی اطلاعات ہیں۔

## ٹی ایم سی کے 20 باغی اراکینِ پارلیمنٹ کو نوٹس جاری، نااہلی کی عرضیوں پر مانگا گیا جواب

نئی دہلی، (یو این آئی) لوک سبھا سکریٹریٹ نے دل بدل مخالف قانون کے تحت نااہلی کی عرضیوں پر ترنمول کانگریس کے 20 باغی اراکینِ پارلیمنٹ کو باضابطہ نوٹس جاری کیے ہیں ذرائع کے مطابق سکریٹریٹ نے اراکینِ پارلیمنٹ سے سات دنوں کے اندر جواب طلب کیا ہے 25 اگست کو جاری کیے گئے یہ نوٹس ترنمول کانگریس اور اس کے لوک سبھا اراکینِ پارلیمنٹ کے باغی دھڑے کے درمیان جاری سیاسی وقانونی تنازع میں کافی اہم ہیں۔ باغی اراکینِ پارلیمنٹ پارٹی سے الگ ہو کر برسرِ اقتدار قومی جمہوری اتحاد (این ڈی اے) سے جڑ گئے ہیں۔ یہ پیش رفت ترنمول کانگریس کے لیڈر اور پارٹی کے جنرل سکریٹری ابھشیک بنرجی کی عرضی پر سپریم کورٹ میں سماعت کے ایک دن بعد سامنے آئی ہے۔ مسٹر بنرجی نے باغی اراکینِ پارلیمنٹ کے خلاف 18 جون کو دی گئی نااہلی کی عرضیوں پر لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کی جانب سے ہو رہی تاخیر اور سستی کو چیلنج کیا تھا۔

e-paper www.avadhnama.com

Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14 • RNI No. UPURD/2001/6110

# اودھ نامہ
LUCKNOW روزنامہ
# avadhnama

Rs.3/- Vol- 25 , Issue, 325 Thursday , August 27 2026 Pages -8

قیمت ۳/روپیہ جلد نمبر(۲۵) شمارہ نمبر(۳۲۵) لکھنؤ، بروز جمعرات ۲۷-اگست ۲۰۲۶ء، مطابق ۱۳-ربیع الاول-۱۴۴۸ھ صفحات-۸

## سہراب الدین انکاؤنٹر کیس سپریم کورٹ پہنچا
### بھائی نے ممبئی ہائی کورٹ کے فیصلے کو کیا چیلنج

اجین (ایجنسی): تقریباً دو دہائی پرانے سہراب الدین شیخ انکاؤنٹر کیس میں ایک بار پھر 23 اگست 2026 کو سپریم کورٹ کا دروازہ کھٹکھٹایا گیا ہے۔ اجین کے رہائشی اور سہراب الدین کے چھوٹے بھائی شاہنواز الدین نے ممبئی ہائی کورٹ کے اس فیصلے کو چیلنج کیا ہے، جس میں سال 2005 کے اس معاملے میں 21 پولیس اہلکاروں سمیت کل 22 ملزمین کو بری کرنے کے ٹرائل کورٹ کے فیصلے کو برقرار رکھا گیا تھا۔ سپریم کورٹ میں دائر درخواست میں ہائی کورٹ کے 7 مئی 2026 کے فیصلے پر نظرِ ثانی کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ اس معاملے میں گجرات، راجستھان اور آندھرا پردیش سے تعلق رکھنے والے 21 پولیس اہلکار اور ایک دیگر ملزم شامل تھے۔ بھائی شاہنواز الدین کے مطابق، سال 2005 میں سہراب الدین شیخ، ان کی اہلیہ کوثر بی اور ان کے ساتھی تلسی رام پرجاپتی کو حیدرآباد سے مہاراشٹر جاتے ہوئے پولیس ٹیم کی جانب سے مبینہ طور پر بس سے اتار کر حراست میں لیا گیا تھا۔ اس کے بعد سہراب الدین کی احمد آباد کے قریب ایک مبینہ مقابلے (انکاؤنٹر) میں موت ہو گئی تھی۔ تین دن بعد کوثر بی کی بھی موت ہو گئی تھی۔ تلسی رام پرجاپتی کی 2006 میں گجرات راجستھان سرحد کے پاس ایک اور انکاؤنٹر میں موت ہوئی تھی۔ اس معاملے کی تحقیقات پہلے گجرات سی آئی ڈی (CID) کے پاس تھی۔ بعد میں سپریم کورٹ کی ہدایت پر تفتیش سی بی آئی (CBI) کو سونپی گئی اور مقدمے کی سماعت کو گجرات سے ممبئی منتقل کیا گیا۔ تلسی رام پرجاپتی کی موت سے جڑے معاملے کو بھی اسی کیس کے ساتھ جوڑ دیا گیا تھا۔ شاہنواز الدین نے بتایا کہ مقدمے کی سماعت کے دوران وکیل نے مجموعی طور پر 210 گواہ پیش کیے، لیکن ان میں سے 92 گواہ اپنے پہلے بیان سے پھر گئے تھے۔

# عید میلاد النبی ﷺ پر عشقِ رسول ﷺ میں ڈوبا لکھنؤ
## شاہراہوں پر عقیدت مندوں کا سیلاب، شان و شوکت سے نکلے جلوس، امن و بھائی چارے کا پیغام عام کیا گیا





لکھنؤ۔ عید میلاد النبی ﷺ کے مبارک موقع پر شہر میں جلوسِ محمدی ﷺ اور جلوسِ مدحِ صحابہؓ شان و شوکت، عقیدت اور نظم و ضبط کے ساتھ نکالے گئے۔ مختلف علاقوں سے نکلنے والے جلوسوں میں بڑی تعداد میں عاشقانِ رسول ﷺ نے شرکت کی۔ راستے بھر درود و سلام، نعتیہ کلام اور رسولِ اکرم ﷺ و صحابۂ کرامؓ کی عقیدت میں نعرے بلند ہوتے رہے۔ درگاہ حضرت مخدوم شاہ مینا شاہ سے نکالا گیا جلوسِ محمدی ﷺ مختلف راستوں سے ہوتا ہوا جھولے پارک پہنچا، جہاں جشنِ عید میلاد النبی ﷺ کا انعقاد ہوا۔ جلوس کی سرپرستی مفتی ابوالعرفان میاں فرنگی محلی، صدارت سید اقبال ہاشمی اور قیادت شیخ اعجاز علی مینائی نے کی۔

جشن کا آغاز تلاوتِ کلام پاک سے ہوا، جبکہ علما اور نعت خواں حضرات نے نعتیہ کلام پیش کیا۔

اس موقع پر مفتی ابوالعرفان میاں فرنگی محلی نے کہا کہ 12 ربیع الاول ہمارے لیے انتہائی بابرکت دن ہے۔ ہمیں میلاد النبی ﷺ کے ذریعے نئی نسل کو اسلامی تعلیمات اور عملی زندگی کا طریقہ سکھانا چاہیے اور محبت و ادب کے ساتھ کثرت سے درود شریف پڑھنا چاہیے۔ سید اقبال ہاشمی نے جلوس میں بڑی تعداد میں شرکت کرنے والی انجمنوں، علما، ائمہ اور انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔

دوسری جانب امین آباد پارک سے جلوسِ مدحِ صحابہؓ نکالا گیا، جس میں تقریباً دو سو انجمنوں نے شرکت کی۔ جلوس مختلف علاقوں سے ہوتا ہوا عیدگاہ عیش باغ پہنچا، جہاں ''سیرت النبی ﷺ اور سیرتِ صحابہؓ'' کے عنوان سے جلسہ منعقد ہوا۔ جلوس کی قیادت مولانا خالد رشید فرنگی محلی، مولانا عبدالعظیم فاروقی، مولانا عبدالباری فاروقی اور مولانا محمد مشتاق نے کی۔ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے مولانا خالد رشید فرنگی محلی نے کہا کہ مسلمانوں کو نبی کریم ﷺ کے انسانیت، امن اور بھائی چارے کے پیغام کو گھر گھر پہنچانا چاہیے تاکہ اسلام اور مسلمانوں کے بارے میں پھیلائی جانے والی غلط فہمیوں کا ازالہ ہو سکے۔ قاری عبدالحی نے تعلیم کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ تعلیم کے ذریعے اسلام کے پیغام کو سمجھ کر اس پر عمل کیا جا سکتا ہے۔

جلوس کے دوران کئی مقامات پر ہندوؤں سمیت مختلف طبقات کی جانب سے سبیلیں لگا کر استقبال کیا گیا، جس سے لکھنؤ کی گنگا جمنی تہذیب کی خوبصورت تصویر نظر آئی۔ ضلع انتظامیہ اور پولیس کی جانب سے وسیع سکیورٹی انتظامات کیے گئے تھے۔ دونوں پروگراموں کے اختتام پر ملک و ریاست میں امن، بھائی چارے، خوشحالی اور ترقی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

## کرناٹک میں مکمل 'وندے ماترم' نہیں گایا جائے گا

بنگلورو (ایجنسی): کرناٹک کے نائب وزیر اعلیٰ ڈی کے شیوکمار نے بدھ کو کہا کہ ریاست کے سرکاری پروگراموں میں اب قومی گیت 'وندے ماترم' کے صرف ابتدائی دو بند گائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ 15 اگست کے پروگرام میں ان کی معلومات کے بغیر مکمل 'وندے ماترم' گایا گیا تھا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ وہ اپنی پارٹی کے نظریے پر یقین رکھتے ہیں اور پارٹی کے فیصلے پر قائم رہیں گے۔ دراصل کانگریس ورکنگ کمیٹی (CWC) نے 19 اگست کو اعلان کیا تھا کہ پارٹی اپنے تمام پروگراموں میں 'وندے ماترم' کے چھ بندوں میں سے صرف ابتدائی دو بند گائے گی۔ یہ فیصلہ 15 اگست کو کانگریس ہیڈکوارٹر میں 'وندے ماترم' گائے جانے کو لے کر پیدا ہونے والے تنازع کے بعد کیا گیا تھا۔ بی جے پی نے کانگریس پر 'وندے ماترم' کی توہین کا الزام لگایا تھا۔ 'وندے ماترم' کو لے کر بی جے پی اور کانگریس کے درمیان تنازع 15 اگست کو شروع ہوا۔ بی جے پی نے الزام لگایا تھا کہ کانگریس ہیڈکوارٹر میں یوم آزادی کی تقریب کے دوران مکمل 'وندے ماترم' گائے جانے پر سونیا گاندھی نے اسے روکنے کی کوشش کی۔

بی جے پی نے اس کا ویڈیو بھی سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر شیئر کیا تھا اور دعویٰ کیا تھا کہ راہل گاندھی بھی مکمل گیت کے دوران پریشان نظر آئے۔ بی جے پی کے الزامات پر کانگریس نے وضاحت پیش کرتے ہوئے کہا تھا کہ کانگریس ہیڈکوارٹر میں مکمل 'وندے ماترم' گایا گیا تھا اور اسے روکنے کی کوئی کوشش نہیں کی گئی۔ کانگریس کے جنرل سکریٹری جے رام رمیش نے کہا تھا کہ سونیا گاندھی کا اشارہ گیت روکنے کے لیے نہیں تھا بلکہ وہ کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے کے لیے کرسی مانگ رہی تھیں، کیونکہ وہ کافی دیر سے کھڑے تھے۔

# نیپال-تبت سرحد پر سیلاب سے تباہی، 100 اموات
## ایک ہزار سے زائد لاپتہ، 133 ہندوستانی بھی لاپتہ، پاور پلانٹ اور پل بہہ گئے، اموات میں اضافہ کا اندیشہ، دوبارہ سیلاب کا خطرہ





کٹھمنڈو (ایجنسی) نیپال میں تبت کی سرحد سے متصل علاقے میں اچانک آنے والے سیلاب نے بڑے پیمانے پر تباہی مچا دی ہے۔ صبح تقریباً 9 بجے تبت کی جانب سے بھوٹے کوشی ندی میں اچانک پانی کا تیز بہاؤ آیا، جس کی زد میں کئی علاقے آ گئے۔ نیپال پولیس کے مطابق اب تک تقریباً 100 افراد کی ہلاکت کی اطلاع ہے۔ اموات میں اضافہ کا اندیشہ، نیپال کے محکمۂ سیاحت کے مطابق ایک ہزار سے زائد افراد کا کوئی سراغ نہیں مل رہا۔ لاپتہ افراد میں 133 ہندوستانی شہریوں سمیت 300 سے زائد غیر ملکی سیاح بھی شامل ہیں۔ نیپالی حکام نے ایک بار پھر سیلاب کے خطرے سے خبردار کیا ہے۔ ایک افسر کے مطابق جس گلیشیائی جھیل کے پھٹنے سے اچانک سیلاب آیا تھا، وہاں اب بھی تقریباً 7 میٹر بلند پانی کا بند بنا ہوا ہے، جو کسی بھی وقت ٹوٹ سکتا ہے اور دوبارہ تباہ کن سیلاب کا سبب بن سکتا ہے۔

اچانک آنے والے سیلاب کے دوران مٹی اور پانی کا تیز بہاؤ آبادیوں میں داخل ہوتا دکھائی دیا۔ ویڈیو مناظر میں پانی کو امیگریشن کمپلیکس کے اوپر سے گزرتے ہوئے بھی دیکھا گیا۔ ابتدائی سائنسی جائزے کے مطابق لھینڈے ندی میں برف اور پتھروں کا ایک بڑا حصہ گرنے سے ندی کا راستہ بند ہو گیا، جس کے نتیجے میں پانی جمع ہونے لگا۔ بعد میں یہ رکاوٹ ٹوٹ گئی اور جمع شدہ پانی انتہائی تیزی سے نیچے کی جانب بہہ نکلا، جس سے اچانک سیلاب آ گیا۔ حکام گلیشیائی جھیل کے پھٹنے (GLOF) کے امکان کی بھی تحقیقات کر رہے ہیں۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ اس وقت رسوا میں شدید بارش نہیں ہوئی تھی۔

تاہم سیلاب کی وجہ زلزلے کو بھی قرار دیے جانے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ بدھ کی صبح 8 بج کر 37 منٹ پر 4.4 شدت کا زلزلہ آیا تھا۔ چونکہ سیلاب بھی تقریباً اسی وقت آیا، اس لیے دونوں واقعات کے درمیان ممکنہ تعلق کی تحقیقات کی جا رہی ہیں۔

سیلاب کا اثر رسوا سے آگے نوواکوٹ، دھادنگ اور چتوان تک دیکھا گیا۔ رسوا میں ٹمرے، سیافروبیسی، ہاکوبیسی، میلنگ، سلیبار، شانتی بازار، پیری بیسی، کھالٹی بستی اور بیتراوتی سمیت تقریباً ایک درجن بستیاں متاثر ہوئی ہیں۔ سیلاب دھادنگ کے گلچھی تک پہنچ گیا ہے، جبکہ مزید آگے مُگلن کی جانب بڑھنے کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ بیتراوتی سے رسوا گڑھی-تبت سرحد تک تقریباً 42 کلومیٹر طویل سڑک مکمل طور پر تباہ ہو گئی ہے۔ اس کے علاوہ سیافروبیسی سے سرحد تک تقریباً 16 کلومیٹر سڑک کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے۔

واضح رہے کہ شمالی راسوا میں ایک بارڈر آؤٹ پوسٹ پر تعینات اے پی ایف کے 4 جوان اچانک آئے سیلاب کی وجہ سے لاپتہ ہو گئے ہیں۔ اے پی ایف کے ترجمان ڈپٹی انسپکٹر جنرل نیتر بہادر کارکی نے کہا کہ نیپال-چین کے سرحدی علاقے میں سیلاب آنے کے بعد سے ہی ان چاروں جوانوں سے رابطہ نہیں ہو پایا ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ بارڈر پوسٹ کو کوئی نقصان نہیں پہنچا ہے اور افسران کو یہ بھی پتہ لگانا ہے کہ کیا لاپتہ جوان سیلاب سے متاثر ہوئے تھے یا نہیں۔

اس کے علاوہ مقامی میڈیا میں آئی غیر مصدقہ خبروں کے مطابق راسوا کسٹمس آفس کے 14 ملازمین سے بھی کوئی رابطہ نہیں ہو پا رہا ہے۔ 'کانتی پور' ٹیلی ویژن کی رپورٹ کے مطابق نیپال پولیس کے ایک ترجمان نے یہ بھی بتایا کہ 32 جوان بھی رابطے سے باہر ہیں۔ 'دی ہمالین ٹائمز' کی رپورٹ ہے سیلاب کی وجہ سے نوواکوٹ میں تریشولی بازار کے پاس تقریباً 60 گھر بہہ گئے اور 2 پلوں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ سیلاب کی سنگین صورتحال کو دیکھتے ہوئے نیپال کے وزیر اعظم بالیندر شاہ نے راسوا، نوواکوٹ، دھاڈنگ، گورکھا اور چتون سمیت متاثرہ علاقوں کے وفاقی اراکین پارلیمنٹ سے بات کی ہے۔ بات چیت بنیادی طور پر سیلاب سے ہوئے نقصان ساحلی بستیوں کی صورتحال اور ریسکیو آپریشن پر مرکوز تھیں۔

دوسری جانب نیپال میں سیلاب کے باعث مچی تباہی کے بعد بہار میں خاص احتیاط برتی جا رہی ہے۔ چیف سکریٹری پرتیے امرت کی صدارت میں اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس منعقد کیا گیا۔ اجلاس میں سیلاب کے بعد کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے تمام متعلقہ اضلاع کو چوکس رہنے اور ضروری بچاؤ و راحت کی تیاریاں مکمل رکھنے کی ہدایات دی گئیں۔

### سیلابی بحران پر پی ایم مودی، راہل اور پرینکا کا اظہارِ تشویش


وزیر اعظم نریندر مودی، لوک سبھا میں حزب اختلاف کے قائد راہل گاندھی اور کانگریس کی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی نے نیپال میں آئے تباہ کن سیلاب پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے سوگوار خاندانوں سے تعزیت کا اظہار کیا ہے، جنہوں نے اس سانحے میں اپنے عزیزوں کو کھو دیا ہے۔ وزیر اعظم مودی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر لکھا کہ ''میں نے وزیر اعظم بالیندر شاہ سے بات کی اور نیپال میں آئے سیلاب کے باعث جان گنوانے والوں کے لیے تعزیت کا اظہار کیا۔ اس مشکل وقت میں ہندوستانی عوام نیپال میں اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ یکجہتی کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ہندوستان نیپال کو ہر ممکن انسانی امداد فراہم کرنے کے لیے تیار ہے۔ ہماری ٹیمیں بچاؤ اور راحت کی کارروائیوں کے لیے قریبی تال میل کے ساتھ کام کر رہی ہیں۔'' کانگریس رہنما راہل گاندھی نے 'ایکس' پر لکھا کہ ''نیپال میں اچانک آئے تباہ کن سیلاب کے باعث میں گہری تشویش میں مبتلا ہوں، جہاں ہندوستانی مسافروں سمیت سینکڑوں افراد لاپتہ ہو گئے ہیں۔ جان گنوانے والوں کے سوگوار خاندانوں سے میری دلی تعزیت ہے۔ میری ہمدردیاں ان خاندانوں کے ساتھ ہیں جو اپنے عزیزوں کی خبر کا بے چینی سے انتظار کر رہے ہیں۔'' ساتھ ہی انہوں نے لکھا کہ ''میں ہندوستانی حکومت سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ نیپالی حکام کے ساتھ قریبی تال میل کے ساتھ لاپتہ ہندوستانی شہریوں کا پتہ لگانے اور ان کی بحفاظت واپسی یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن کوشش کرے۔

## رکشابندھن پر خواتین کو یوگی حکومت کا تحفہ، تین دن مفت بس سفر کی سہولت
### 'لوک ماتا اہلیہ بائی ماتر شکتی یاترا یوجنا' کا آغاز




لکھنؤ۔ رکشابندھن کے موقع پر وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے ریاست کی ماؤں، بیٹیوں اور بہنوں کو ایک بڑا تحفہ دیا ہے۔ ریاستی حکومت نے 27 اگست کی صبح چھ بجے سے 29 اگست کی آدھی رات تک اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن اور سٹی بسوں میں خواتین کے لیے مفت سفر کا اعلان کیا ہے۔ خاتون مسافر اپنے ساتھ ایک ساتھی کو بھی مفت سفر کرا سکیں گی۔ وزیر اعلیٰ نے بدھ کے روز اندرا گاندھی پرتشٹھان میں 'لوک ماتا اہلیابائی ماترِ شکتی یاترا' کا افتتاح کیا اور خاص بسوں کو ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ اس اسکیم کے تحت 60 سال سے زیادہ عمر کی خواتین کے لیے خاص بسوں کا انتظام کیا گیا ہے۔ بارش کے دوران منعقدہ پروگرام میں بسوں میں سوار خواتین نے ہاتھ جوڑ کر وزیر اعلیٰ کا استقبال کیا۔ وزیر اعلیٰ نے بھی ہاتھ ہلا کر ان کا سلام قبول کیا اور خواتین کے ساتھ بس میں سیلفی لی۔ پروگرام کے دوران وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے 'لوک ماتا اہلیابائی ماترِ شکتی یاترا' اسکیم کے تحت 60 سال یا اس سے زیادہ عمر کی خواتین کو اسمارٹ کارڈ تقسیم کیے۔ اس کے ساتھ ہی خواتین کو تحفے کے طور پر ساڑی، بیگ اور مٹھائی بھی دی گئی۔ وزیر اعلیٰ نے خواتین سے بات چیت کر کے ان کی خیریت دریافت کی اور انہیں رکشابندھن کی مبارکباد دی۔ وزیر اعلیٰ کے ہاتھوں سرفراز ہونے والی خواتین میں راج رانی، گنیش دیوی، کلاوتی، پربھو دیئی، شانتی دیوی، منجولتا، شوکلی، دروپدی اور میرا سمیت دیگر خواتین شامل تھیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ رکشابندھن کے موقع پر خواتین کو آمد و رفت کی سہولت فراہم کرنے اور انہیں سرفراز کرنے کی یہ کوشش خواتین کے تئیں حکومت کے عزم کو ظاہر کرتی ہے۔ مفت بس سفر کی سہولت سے بڑی تعداد میں خواتین اپنے میکے اور دیگر مقامات تک آسانی سے آ جا سکیں گی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس اسکیم کا نام لوک ماتا اہلیہ بائی ہولکر کے نام پر رکھا گیا ہے، جو خواتین کی خود کفالت، بہتر حکمرانی، انصاف اور ہندوستانی روحانی و ثقافتی ورثے کے تحفظ کی عظیم علامت تھیں۔ انہوں نے کاشی وشوناتھ، سومناتھ سمیت ملک کے متعدد مندروں کی تعمیرِ نو میں اہم کردار ادا کیا تھا۔

### موہن بھاگوت کے دورۂ امریکہ پر تنازع
## ہزاروں افراد کی مخالفت، پروگرام منسوخی کا مطالبہ
### ظہران ممدانی سے ویزا منسوخی کی اپیل کی، نیویارک میں 29 اگست کے پروگرام کے خلاف سینکڑوں درخواستیں



نیویارک (ایجنسی) آر ایس ایس چیف موہن بھاگوت، جو اس تنظیم کی صد سالہ تقریب کے سلسلے میں عالمی رابطہ مہم کے لیے اپنے 3 ملکی دورے کے پہلے مرحلے میں نیویارک پہنچ چکے ہیں، کو ان کے دورے کی مخالفت کرنے والی ایک مضبوط مہم کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ بھاگوت کناڈا اور برطانیہ کا بھی دورہ کرنے والے ہیں، جو عوامی رابطہ مہم کا حصہ ہے۔ بھاگوت کے امریکہ پہنچنے سے قبل 1000 سے زائد امریکیوں نے بھاگوت کا امریکہ ویزا منسوخ کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔ سینکڑوں اپیلیں نیویارک کے میئر ظہران ممدانی سے کی گئی ہیں کہ وہ 29 اگست کو میڈیسن اسکوائر گارڈن میں بھاگوت کی ریلی منسوخ کریں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ امریکہ میں ہندوستانی تارکین وطن کے ایک طبقہ، انڈین امریکن مسلم کونسل، ہندوز فار ہیومن رائٹس اور انڈین اوورسیز کانگریس، یو ایس اے کے علاوہ دیگر تنظیموں نے بھی امریکی پالیسی سازوں، کاروباری اور کمیونٹی رہنماؤں کو آر ایس ایس کے متنازعہ ماضی سے آگاہ کرنے کے لیے ایک مہم شروع کر دی ہے۔

درحقیقت مذہبی آزادی سے متعلق امریکی کمیشن 'یو ایس سی آئی آر ایف'، جو دنیا بھر میں مذہبی آزادی کی نگرانی کے لیے امریکی کانگریس کے ذریعہ قائم کیا گیا ایک آزاد 2 جماعتی کمیشن ہے، نے اپنی 2026 کی سالانہ رپورٹ میں آر ایس ایس کے خلاف ہدف بنا کر پابندیاں عائد کرنے کی سفارش کی تھی۔ اس نے امریکہ میں موجود اثاثے منجمد کرنے اور ذمہ دار افراد کے امریکہ میں داخلے پر پابندی لگانے کی سفارش کی تھی۔ انڈین اوورسیز کانگریس نے ایک بیان میں کہا کہ ''امریکی اداروں کو یہ سوال کرنا چاہیے کہ جس تنظیم کے خلاف یو ایس سی آئی آر ایف کی جانب سے ایسی غیر معمولی سفارش کی گئی ہے، اسے بیک وقت امریکہ میں پلیٹ فارم، سیاسی رسائی اور قانونی حیثیت کیوں فراہم کی جا رہی ہے۔''

امریکی کانگریس کے لیے ڈیموکریٹک سوشلسٹ کی حیثیت سے انتخاب لڑنے والی کشاما ساونت نے ہفتہ کے روز بھاگوت کے پروگرام کو منسوخ کرنے میں نیویارک کے میئر ظہران ممدانی کی ناکامی پر مایوسی کا اظہار کیا۔ ممدانی نے کہا تھا کہ اگرچہ انہیں ایک سیکولر اور جامع ہندوستان پر فخر ہے، جہاں ان کی والدہ کا خاندان اب بھی رہتا ہے، لیکن ان کے پاس کسی پرائیویٹ ریلی کو منسوخ کرنے کا اختیار نہیں ہے۔

### ایم پی ایس سی ڈرگ انسپکٹر بھرتی منسوخ ہونے پر راہل گاندھی کا ردعمل
## 'یہ طلبہ کی جیت ہے، انصاف نہیں'



نئی دہلی/ممبئی: کانگریس کے سینئر رہنما اور لوک سبھا میں قائد حزب اختلاف راہل گاندھی نے مہاراشٹر پبلک سروس کمیشن (ایم پی ایس سی) کی جانب سے ڈرگ انسپکٹر (گروپ بی) کی پوری بھرتی کا عمل منسوخ کیے جانے کو طلبہ کی جدوجہد کی جیت قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ حکومت کی مہربانی نہیں بلکہ ان طلبہ کی کامیابی ہے جو مارچ میں ڈرگ انسپکٹر امتحان کا پرچہ لیک ہونے کے بعد سے مسلسل آواز اٹھا رہے تھے۔ راہل گاندھی نے بدھ کو ایکس پر پوسٹ میں کہا کہ مہاراشٹر کے طلبہ نے ایک لڑائی جیت لی ہے۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ نے دباؤ برداشت کیا، طعنے سنے اور مہینوں انتظار کیا، لیکن اپنی آواز اٹھانا نہیں چھوڑا۔ انہوں نے طلبہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ انہیں ان سب پر فخر ہے۔ تاہم، راہل گاندھی نے امتحان اور بھرتی کا عمل منسوخ کیے جانے کو مکمل انصاف ماننے سے انکار کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ ''ایک امتحان کا منسوخ ہونا جیت ہے، انصاف نہیں''۔ ان کے مطابق جب تک پرچہ لیک کرانے والوں کو سزا نہیں ملتی، طلبہ کی یہ لڑائی ادھوری رہے گی۔ کانگریس رہنما نے کہا کہ طلبہ کے لیے ابھی مزید لڑائیاں باقی ہیں اور وہ ہر لڑائی میں ان کے ساتھ کھڑے رہیں گے۔ انہوں نے زور دیا کہ پورے نظام کو درست کرنے کی ضرورت ہے تاکہ ہر بچے کو بہتر تعلیم مل سکے اور ہر محنت کرنے والے کو اس کی محنت کا مناسب صلہ ملے۔ راہل گاندھی نے اپنی پوسٹ کے ساتھ پونے میں منعقدہ اپنے 'چھاتروں کی گونج' پروگرام کی ویڈیو بھی شیئر کی، جس میں طالبات نے ڈرگ انسپکٹر بھرتی امتحان میں پرچہ لیک کے معاملے پر اپنے مسائل بیان کیے تھے۔ ویڈیو میں ایک طالبہ نے کہا کہ اس معاملے نے ان کا دل توڑ دیا ہے اور ان پر گھر والوں، خود اور معاشرے کی جانب سے مسلسل دباؤ رہتا ہے۔

## 'حکومت بننے پر خواتین کو 'استری سمان سمردھی یوجنا' کے تحت دیے جائیں گے سالانہ 40 ہزار روپے'، سماجوادی پارٹی کا بڑا اعلان



لکھنؤ۔ راجدھانی لکھنؤ میں منعقدہ ایک پریس کانفرنس کے دوران سماجوادی پارٹی سربراہ اکھلیش یادو کی موجودگی میں مین پوری سے رکن پارلیمنٹ ڈمپل یادو نے 'استری سمان سمردھی یوجنا' کا اعلان کیا۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے رکن پارلیمنٹ ڈمپل یادو نے کہا کہ اگر ریاست میں سماج وادی پارٹی کی حکومت بنتی ہے تو 'استری سمان سمردھی یوجنا' شروع کی جائے گی۔ اس منصوبہ کے تحت خواتین کو سالانہ 40 ہزار روپے دینے کا التزام کیا جائے گا۔ اس منصوبہ کا مقصد خواتین کو معاشی طور پر مضبوط اور خود کفیل بنانا ہے۔ سماجوادی پارٹی کے قومی صدر اکھلیش یادو نے اس موقع پر کہا کہ ملک اور سماج کی ترقی نصف آبادی کی ترقی کے بغیر ادھوری ہے۔ خواتین کے احترام، تحفظ اور معاشی خودمختاری کے لیے ان کی حکومت کے فیصلے ہمیشہ اہم رہے ہیں۔ انہوں نے 'استری سمان سمردھی یوجان' کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ یہ نصف آبادی کو مکمل آزادی دلانے کا عزم ہے۔ اس منصوبہ کے تحت خواتین کو ہر سال 40 ہزار روپے دیے جائیں گے اور مستقبل میں اس رقم میں اضافہ بھی کیا جائے گا۔ اکھلیش یادو کا یہ بھی کہنا ہے کہ سماجوادی حکومت طلبہ وطالبات کو لیپ ٹاپ دے کر ٹیکنالوجی سے جوڑنے کا کام کیا تھا۔ مستقبل میں انٹر پاس کرنے والی بیٹیوں کو بھی لیپ ٹاپ دینے کا منصوبہ ہے۔ ساتھ ہی خواتین کی سیکورٹی سے کسی طرح کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ بی جے پی کو ہدف تنقید بناتے ہوئے اکھلیش یادو نے کہا کہ بی جے پی کے لیے خواتین صرف ایک سیاسی نعرہ بن کر رہ گئی ہے۔ انہوں نے آئندہ انتخاب میں خواتین ریزرویشن نافذ کرنے اور خواتین کے لیے بہتر سہولیات فراہم کرنے کا مطالبہ بھی کیا ہے۔ سابق وزیر اعلیٰ کے مطابق اتر پردیش میں نصف آبادی کے ساتھ سب سے زیادہ ناانصافی ہو رہا ہے۔ انہوں نے اپنی حکومت کے دوران شروع کی گئی 102 ایمبولنس خدمات کا ذکر کرتے ہوئے موجودہ نظام پر بھی سوال اٹھایا۔ ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ سماجوادی پارٹی خواتین کے عدم تحفظ کے احساس کو دور کرنے اور نصف آبادی کو مکمل آزادی دلانے کے لیے کام کرے گی۔ اکھلیش یادو کا کہنا ہے کہ خواتین کو آزاد اور بے باک بننا چاہیے۔ خواتین کی آمدورفت کی سہولیات کو بہتر بنایا جائے گا۔ طالبات کے لیے کارڈ کے ذریعہ میٹرو میں مفت سفر جیسی سہولیات دستیاب ہوں۔

# ایران، عمان آبنائے ہرمز دوبارہ کھولنے کے قریب

## تہران کا امریکہ سے بحری ناکہ بندی ختم کرنے کا مطالبہ



تہران، 26 اگست (یواین آئی) ایران اور عمان آبنائے ہرمز کو عارضی طور پر دوبارہ کھولنے کے لیے ایک معاہدے کے قریب پہنچ گئے ہیں دونوں ممالک اس اہم آبی گزرگاہ میں عارضی بحری راہداری قائم کرنے اور سمندری بارودی سرنگیں صاف کرنے کے لیے ایک "مرحلہ وار فریم ورک" پر بات چیت کر رہے ہیں اس تجویز کے ذریعے مستقل بحری راستے اور آبنائے ہرمز کے مستقبل کے انتظام سے متعلق مذاکرات کی بنیاد بھی تیار کی جائے گی۔تہران نے امریکہ کے سامنے ایک شرط رکھی ہے اور اصرار کیا ہے کہ جہاز رانی کی بحالی سے قبل واشنگٹن کو ایرانی بندرگاہوں اور بحری جہازوں کے خلاف اپنی بحری ناکہ بندی ختم کرنے کے ساتھ ساتھ جنگ بھی ختم کرنا ہوگی۔عمان کے وزیر خارجہ بدر البوسعیدی نے کہا کہ انہیں امید ہے کہ دونوں ممالک جلد ہی عارضی بحری راہداری اور محفوظ جہاز رانی کی بحالی کے انتظامات کا اعلان کریں گے۔انہوں نے کہا کہ آبنائے کے مستقبل کے انتظام اور مستقل حل پر بعد میں بات کی جائے گی، جبکہ علاقائی شراکت داروں کے ساتھ مذاکرات امن و تعاون، استحکام اور آزادئ جہاز رانی کے فروغ میں معاون ہوں گے۔ایران کے نائب وزیر خارجہ برائے قانونی و بین الاقوامی امور کاظم غریب آبادی نے آبنائے ہرمز سے متعلق ایران اور عمان کے درمیان مجوزہ عارضی انتظامات کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ آبی گزرگاہ کو دوبارہ کھولنے کا انحصار تہران کے مطالبات پورے ہونے پر ہے۔غریب آبادی نے بدھ کو کہا کہ آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے لیے امریکہ کو اپنی ناکہ بندی ختم کرنا ہوگی۔انہوں نے ایران اور عمان کے درمیان مجوزہ انتظام کو عارضی قرار دیا اور کہا کہ مستقل راستہ قائم کرنے کے لیے مزید مذاکرات ہوں گے، جن میں 30 سے 60 دن لگنے کی توقع ہے۔ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق غریب آبادی نے کہا، "آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے لیے کوئی بھی قدم اٹھانے سے پہلے امریکہ کو ان تمام وعدوں پر مکمل عمل درآمد کرنا ہوگا جن کی اس نے خلاف ورزی کی ہے۔" انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ صرف ناکہ بندی ختم کرنا کافی نہیں ہوگا۔غریب آبادی نے کہا، "آبنائے ہرمز کے بدلے میں صرف ناکہ بندی ختم کرنا ہی واحد شرط نہیں ہے۔ ایک اور مسئلہ جنگ کا خاتمہ ہے۔" انہوں نے مزید کہا کہ جنگ کا تمام محاذوں، بشمول لبنان، پر مستقل اور پائیدار انداز میں خاتمہ ضروری ہے۔غریب آبادی کے مطابق ایران اور عمان کے مجوزہ انتظام میں عمانی ساحل کے ساتھ موجود جنوب کی جانب اقوام متحدہ سے مجاز بحری راستے کو بند کرنا بھی شامل ہوسکتا ہے، جس کی تہران مخالفت کرتا ہے۔تاہم عمان کے ابتدائی بیان میں ایسے کسی راستے کو بند کرنے کا ذکر نہیں کیا گیا تھا۔ایران نے 28 فروری کو امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے ملک کے خلاف تازہ جارحیت شروع کیے جانے کے بعد اس اہم آبی گزرگاہ کو بند کر دیا تھا۔

اسلامی جمہوریہ ایران اور امریکہ نے جون میں پاکستان کی ثالثی میں طے پانے والی مفاہمت کی یادداشت کے تحت آبنائے کو 60 دن کے لیے دوبارہ کھولنے پر اتفاق کیا تھا، تاہم تہران کے مطابق امریکی خلاف ورزیوں کے باعث اسے دوبارہ بند کرنا پڑا۔تہران نے آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے لیے متعدد شرائط رکھی ہیں، جن میں علاقائی بحری آمدورفت میں امریکی مداخلت کا خاتمہ بھی شامل ہے۔غریب آبادی کے مطابق ایران اور عمان کے درمیان مجوزہ انتظام کے تحت آبنائے ہرمز کا جنوبی راستہ بند کر دیا جائے گا۔ ایران کا الزام ہے کہ مفاہمتی یادداشت کی خلاف ورزیوں کے تحت امریکہ عمانی ساحل کے ساتھ واقع جنوبی راستے سے بحری جہازوں کو غیر قانونی طور پر لے جانے کی کوشش کرے گا۔ایران سے وابستہ پریس ٹی وی کے مطابق متبادل انتظام کے تحت بحری جہاز دونوں سمتوں میں ایرانی پانیوں سے گزریں گے۔یہ تجویز تہران اور مسقط کے درمیان کئی ہفتوں سے جاری مذاکرات کے بعد سامنے آئی ہے۔آبنائے ہرمز سے جہاز رانی کا معاملہ تعطل کا شکار امریکہ-ایران مذاکرات میں ایک اہم سودے بازی کا نقطہ بن گیا ہے۔امریکہ کا مؤقف ہے کہ آبنائے ہرمز بین الاقوامی پانیوں پر مشتمل ہے اور اس نے علاقے میں بحری کارروائیاں جاری رکھی ہوئی ہیں۔صدر ڈونلڈ ٹرمپ بارہا کہہ چکے ہیں کہ سمندری بارودی سرنگیں ہٹا دی گئی ہیں یا انہیں تباہ کر دیا گیا ہے، جبکہ انہوں نے نئی بارودی سرنگیں بچھانے کی کوشش کرنے والی کشتیوں کو تباہ کرنے کی دھمکی بھی دی ہے۔ٹرمپ نے کہا، "ہم آبنائے کے ایک ایک انچ پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔" دریں اثنا، واشنگٹن نے تہران پر اقتصادی دباؤ مزید بڑھا دیا ہے۔امریکی محکمہ خزانہ نے ہوابازی، جہاز رانی، ٹیکنالوجی، سونے اور ڈیجیٹل اثاثوں سمیت مختلف شعبوں کو نشانہ بناتے ہوئے نئی پابندیوں کا اعلان کیا ہے۔امریکی وزیر خزانہ اسکاٹ بیسنٹ نے اس حکمت عملی کو "اقتصادی دم گھونٹنے" سے تعبیر کرتے ہوئے کہا کہ مقصد ایران کی حکومت کو سہارا دینے والی ہر اقتصادی زندگی کی لکیر کاٹنا ہے۔نئی پابندیوں نے پہلے ہی کئی برسوں سے اقتصادی پابندیوں کا سامنا کرنے والے بعض ایرانیوں میں تشویش پیدا کر دی ہے۔تہران کے ایک شہری نے کہا کہ "یہ پابندیاں 47 سال سے نافذ ہیں" اور الزام لگایا کہ واشنگٹن اضافی اقتصادی دباؤ کے ذریعے ملک کے کسی حصے یا پورے ملک میں بدامنی پیدا کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔امریکی پابندیوں کے تازہ اعلان کے بعد تہران کے پٹرول پمپس پر طویل قطاریں بھی دیکھنے میں آئیں۔قطر نے بھی آبنائے ہرمز کے حوالے سے ایران اور عمان کے درمیان معاہدے کی کوششوں کی حمایت کی ہے۔قطر کے وزیر اعظم شیخ محمد بن عبدالرحمٰن بن جاسم آل ثانی نے منگل کو ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے فون پر مجوزہ عارضی بحری راہداری کے بارے میں بات کی۔عراقچی نے کہا کہ مذاکرات اس بات کا ثبوت ہیں کہ "امن اور استحکام کے لیے ایران کے عزم کے ساتھ اپنے ہمسایوں کے ساتھ مستقل سفارت کاری بھی جاری ہے۔" یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب ایران امریکہ اور اسرائیل کے حملوں کے بعد اپنی فوجی صلاحیتوں کو مضبوط بنانے کی کوششیں بھی تیز کر رہا ہے۔ایرانی فوج کے کمانڈر بریگیڈیئر جنرل علی رضا الہامی نے کہا کہ ملک نے تنازعے سے سبق سیکھا ہے اور وہ "نئے نظام اور ساز وسامان تیار کر رہا ہے، جو مکمل طور پر ایرانی علم اور مہارت پر مبنی ہوں گے۔"

# سعودی عرب کے اسرائیل کو تسلیم کرنے کے بدلے شہری جوہری ٹیکنالوجی معاہدہ: وائٹ ہاؤس



واشنگٹن، 26 اگست (یواین آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سعودی عرب کے ساتھ 30 سالہ شہری جوہری تعاون کے مجوزہ معاہدے کو کانگریس بھیج دیا ہے، تاہم انہوں نے واضح کیا ہے کہ یہ معاہدہ اسی صورت میں آگے بڑھے گا جب ریاض اسرائیل کے ساتھ تعلقات معمول پر لانے پر رضامند ہوگا۔جولائی میں طے پانے والے اس معاہدے کو پیر کے روز کانگریس میں پیش کیا گیا۔اس کے تحت امریکی کمپنیاں سعودی عرب کو شہری جوہری ٹیکنالوجی برآمد کر سکیں گی، جس میں اے پی 1000 ری ایکٹرز کی تعمیر کے منصوبے بھی شامل ہیں۔یہ منصوبہ دسیوں ارب ڈالر مالیت کا ہوسکتا ہے اور اس سے ویسٹنگ ہاؤس کو فائدہ پہنچے گا، جو کینیڈا میں قائم کیمیکو اور بروک فیلڈ اثاثہ جاتی انتظامیہ کی مشترکہ ملکیت ہے۔امریکی انتظامیہ کے ایک عہدیدار نے دی ٹائمز آف اسرائیل کو بتایا کہ "صدر کا مؤقف تبدیل نہیں ہوا کہ یہ معاہدہ اسی صورت میں آگے بڑھے گا جب سعودی عرب ابراہیم معاہدوں میں شامل ہوگا۔" ابراہیم معاہدوں سے مراد امریکہ کی ثالثی میں ہونے والے وہ معاہدے ہیں جن کے نتیجے میں متحدہ عرب امارات، بحرین اور مراکش نے اسرائیل کے ساتھ تعلقات معمول پر لائے تھے۔یہ شرط اس وقت عائد کی گئی جب جولائی میں ابتدائی طور پر معاہدہ سعودی-اسرائیلی تعلقات کو معمول پر لانے کی واضح شرط کے بغیر طے کیا گیا تھا۔اس پر اسرائیل اور اس کے حامیوں کی جانب سے شدید تنقید کی گئی، جو ایسی کسی بھی جوہری ڈیل کی پیش رفت کے سخت مخالف تھے جس میں اسرائیل کے ساتھ تعلقات معمول پر لانے کی شرط شامل نہ ہو۔اب یہ معاہدہ کانگریس کے 90 قانون ساز اجلاسوں کے دنوں پر مشتمل جائزے کے مرحلے میں داخل ہوگیا ہے۔تاہم یہ واضح نہیں کہ معاہدے کو کانگریس بھیجنے سے ٹرمپ کے وسیع تر مقصد، یعنی ریاض سے اسرائیل کو باضابطہ طور پر تسلیم کروانے میں کس حد تک پیش رفت ہوگی۔اسرائیل کے ساتھ تعلقات معمول پر لانے کا معاملہ خاص طور پر پیچیدہ ہے، کیونکہ سعودی عرب نے اسرائیل کو تسلیم کرنے سے قبل فلسطینی ریاست کے قیام کی جانب ناقابل واپسی راستے کی ضمانت کا مطالبہ کر رکھا ہے۔اسرائیلی وزیر اعظم بینجمن نیتن یاہو اور ان کی حکومت نے اس شرط کو واضح طور پر مسترد کر دیا ہے۔سعودی عرب اور اسرائیل کے درمیان تعلقات معمول پر لانے کی ابتدائی کوششوں میں 2023 میں نمایاں پیش رفت ہوئی تھی، تاہم 7 اکتوبر 2023 کو حماس کے حملے اور اس کے بعد غزہ میں شروع ہونے والی جنگ نے اس پیش رفت کو تیزی سے متاثر کر دیا، جس کے بعد دونوں ممالک کے درمیان تعلقات معمول پر لانے کے امکانات مزید کم ہوگئے۔اس جوہری معاہدے کو جوہری عدم پھیلاؤ کے حفاظتی اقدامات کے حوالے سے بھی تنقید کا سامنا ہے۔واشنگٹن اور متحدہ عرب امارات کے درمیان 2009 کے شہری جوہری معاہدے کے برعکس سعودی معاہدے میں واضح طور پر ریاض کو یورینیم افزودگی یا استعمال شدہ جوہری ایندھن کی دوبارہ پروسیسنگ کی ٹیکنالوجی حاصل کرنے سے نہیں روکا گیا، حالانکہ ان ٹیکنالوجیز کو ممکنہ طور پر جوہری ہتھیار بنانے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ٹرمپ انتظامیہ کا مؤقف ہے کہ معاہدے میں امریکی قانون کے تحت مطلوبہ جوہری عدم پھیلاؤ کے حفاظتی اقدامات شامل ہیں۔ تاہم نان پرولیفریشن پالیسی ایجوکیشن سینٹر کے ہنری سوکولسکی نے مؤقف اختیار کیا کہ کانگریس کے جائزے کے نتیجے میں معاہدہ مزید سخت یورینیم افزودگی کی پابندیوں یا اسرائیل کے ساتھ تعلقات معمول پر لانے کی شرط کے بغیر بھی آگے بڑھ سکتا ہے۔سوکولسکی نے کہا، "اس عمل کا آغاز کر کے ٹرمپ نے یہ امکان پیدا کر دیا ہے کہ کانگریس معاہدے کو معمول پر لانے اور جوہری پھیلاؤ سے متعلق شرائط کے بغیر آگے بڑھنے کی اجازت دے سکتی ہے۔ اگر آپ واقعی یورینیم افزودگی نہ ہونے اور اسرائیل کو تسلیم کیے جانے کے معاملے میں سنجیدہ ہیں تو یہ یقیناً مثالی صورتحال نہیں ہے۔"

# چین-نیپال سرحد پر ہولناک لینڈ سلائیڈنگ، سیکڑوں افراد لاپتہ

## غیر ملکی سیاحوں کی بڑی تعداد بھی متاثر، امدادی و بچاؤ کارروائیاں تیز



گیرونگ، 26 اگست (یواین آئی) چین اور نیپال کے درمیان سرحدی علاقے میں بڑے پیمانے پر لینڈ سلائیڈنگ کے نتیجے میں بدھ کی شب سینکڑوں افراد، جن میں بڑی تعداد میں غیر ملکی سیاح بھی شامل ہیں، لاپتہ رہے۔چینی سرکاری میڈیا کے مطابق، لینڈ سلائیڈنگ صبح تقریباً 9 بجے نیپال میں شروع ہوئی اور بعد میں تبت کے گیرونگ کاؤنٹی تک پھیل گئی۔ یہ آفت شیگاتسے شہر کے زیر انتظام ایک سرحدی چیک پوسٹ سے ٹکرائی، جہاں حکام نے "بڑے پیمانے پر جانی نقصان اور افراد کے لاپتہ ہونے" کی اطلاع دی ہے۔ساؤتھ چائنا مارننگ پوسٹ کے مطابق، آن لائن گردش کرنے والی ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ لینڈ سلائیڈنگ چند ہی سیکنڈ میں چیک پوسٹ کی جانب بڑھی، جس پر لوگ اپنی جان بچانے کے لیے بھاگنے لگے، جبکہ اس کے بعد کیچڑ اور ملبے نے پورے علاقے کو ڈھانپ لیا۔نیپال میں ٹورزم بورڈ نے بتایا کہ 384 سیاح اور مسافر لاپتہ ہیں، جن میں 93 نیپالی شہری اور 291 غیر ملکی شامل ہیں۔ لاپتہ غیر ملکیوں میں ہندوستان، آسٹریلیا، امریکہ، برطانیہ اور نیدرلینڈز کے شہری شامل ہیں، جبکہ مزید 111 افراد کی قومیت کی ابھی تصدیق نہیں ہوسکی ہے۔چین کے صدر شی جن پنگ نے مقامی حکام کو لاپتہ افراد کی تلاش اور انہیں بچانے، متاثرہ آبادی کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے، زخمیوں کے علاج اور جانی نقصان کو کم سے کم رکھنے کے لیے "ہر ممکن کوشش" کرنے کی ہدایت دی۔انہوں نے نگرانی اور پیشگی انتباہ کے نظام کو مزید مضبوط بنانے اور ثانوی آفات سے بچاؤ کے لیے اقدامات کرنے پر بھی زور دیا چینی فوج اور پیپلز آرمڈ پولیس کے اہلکاروں کو امدادی اور بچاؤ کی کارروائیوں میں مدد کے لیے متاثرہ علاقے میں تعینات کیا گیا ہے۔ حکام نے گیرونگ چیک پوسٹ کی جانب جانے والی سڑک کو سات روز کے لیے بند کر دیا ہے۔سرکاری تعمیراتی اور ہنگامی امدادی کمپنی چائنا اینینگ کنسٹرکشن گروپ نے 200 امدادی کارکنوں، ماہرین ارضیات اور انجینئرز کو جائے حادثہ پر بھیجا ہے، جبکہ مزید 100 اہلکاروں کو تیار رکھا گیا ہے۔ژنہوا کے مطابق امدادی ٹیمیں بھاری مشینری اور جدید آلات، جن میں نگرانی کرنے والے ڈرون، تھری ڈی لیزر اسکینرز اور زندگی کا سراغ لگانے والے آلات شامل ہیں، ساتھ لے گئی ہیں۔لینڈ سلائیڈنگ سے ایک اہم تجارتی سرحدی گزرگاہ بھی متاثر ہوئی ہے۔ گیرونگ پورٹ تبت کی اہم ترین غیر ملکی تجارتی بندرگاہ ہے اور چین اور نیپال کے درمیان زیادہ تر تجارت اسی راستے سے ہوتی ہے۔ 2022 میں کورونا وبا کے بعد دوطرفہ مسافروں اور مال بردار گاڑیوں کی آمدورفت دوبارہ شروع ہونے کے بعد اس بندرگاہ سے گزرنے والی ٹریفک میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، جس میں نیپال کو چینی الیکٹرک گاڑیوں کی برآمد بھی شامل ہے۔نیپال میں چینی سفارتخانے نے کہا ہے کہ اس نے ہنگامی ردعمل کا نظام فعال کر دیا ہے اور متاثرہ علاقے میں موجود چینی شہریوں اور کمپنیوں کے بارے میں معلومات حاصل کی جا رہی ہیں۔سفارتخانے نے نیپالی حکومت پر بھی زور دیا ہے کہ وہ متاثرہ علاقے میں بڑے پیمانے پر امدادی اور بچاؤ کی کارروائیاں انجام دے۔

# روہنگیا مسلمانوں کا میانمار واپسی کے حق کیلئے بڑا احتجاج

## ظلم و ستم کی نویں برسی پر عالمی برادری سے محفوظ واپسی یقینی بنانے کا مطالبہ




ڈھاکہ، 26 اگست (یواین آئی) بنگلہ دیش کے کیمپوں میں مقیم ہزاروں کی تعداد میں روہنگیا مسلمانوں نے، نو سال قبل ظلم و ستم سے فرار ہو کر آنے والے میانمار کی جانب محفوظ واپسی کا مطالبہ کرتے ہوئے مظاہرہ کیا۔میانمار میں آراکان مسلمانوں کے خلاف تشدد، ظلم و ستم کے آغاز کی نویں برسی کے موقع پر بنگلہ دیش کے کیمپوں میں مقیم ہزاروں افراد نے کوکس بازار کے علاقے میں احتجاج کیا۔مظاہرین نے بین الاقوامی برادری سے مطالبہ کیا کہ ان کے لیے میانمار کے آرکان صوبے کو محفوظ طریقے سے واپس جانے کا اہتمام کیا جائے۔دوسری طرف، برطانیہ، کینیڈا، ڈنمارک، فن لینڈ، فرانس، جرمنی، آئرلینڈ، اٹلی، جاپان، کوسوو، ہالینڈ، ناروے، اسپین، سویڈن اور سوئٹزرلینڈ کے بنگلہ دیش کے دارالحکومت ڈھاکہ میں موجود سفارت خانوں نے روہنگیا مسلمانوں کی صورتِ حال کے بارے میں مشترکہ بیان جاری کیا۔بیان میں کہا گیا کہ آراکان میں انسانی امداد کی ضرورت بڑھ گئی ہے، شہری بنیادی ڈھانچے پر فضائی حملے جاری ہیں اور صورتحال تشویشناک ہے، نیز اس بات پر زور دیا گیا کہ آرکان کے مسلمانوں کو میانمار واپس جانے کا حق حاصل ہے۔ملیشیائی وزیرِ اعظم انور ابراہیم نے جولائی میں کہا تھا کہ میانمار پہلے روہنگیا مسلمانوں کو قبول کرنے میں رغبت نہیں رکھتا تھا، مگر دونوں ممالک کے درمیان "اچھے تعلقات" کی بدولت اس معاملے پر اتفاق ہو گیا ہے۔انور نے بتایا کہ میپیدو انتظامیہ ابتدائی مرحلے میں ملائشیا میں موجود تقریباً پانچ ہزار روہنگیا مسلمانوں کی واپسی قبول کرے گی، تاہم یہ واضح نہیں کہ یہ کب عمل میں آئے گا۔میانمار کی وزارتِ خارجہ نے 17 اگست کو ایک بیان میں کہا تھا کہ بنگلہ دیش کے کیمپوں میں مقیم 3 لاکھ سے زائد روہنگیا مسلمانوں کو "سیکورٹی حالات بہتر ہونے پر" وطن واپس آنے کی اجازت دے دی گئی ہے۔بیان میں روہنگیا مسلمانوں کو "بنگلہ دیشی" کہا جانا بھی تنقید کا باعث بنا۔میانمار کے آراکان صوبے میں 2012 میں بدھ متوں اور مسلمانوں کے درمیان ہونے والے تصادم میں، جہاں متاثرین میں اکثریت مسلمان تھی، ہزاروں افراد ہلاک ہو گئے اور سینکڑوں گھر اور کاروبار نذرِ آتش کر دیے گئے۔آراکان کے سرحدی چوکیوں پر 25 اگست 2017 کو کیے گئے ہمہ وقت حملوں کو بہانہ بنا کر میانمار کی فوج اور بدھ نسلی قوم پرستوں نے وسیع پیمانے پر تشدد کا آغاز کیا۔اقوام متحدہ کے مطابق، اگست 2017 کے بعد آراکان میں ظلم و ستم سے بچ کر بنگلہ دیش پناہ لانے والوں کی تعداد 9 لاکھ سے تجاوز کر گئی ہے۔بین الاقوامی انسانی حقوق کی تنظیموں نے شائع کردہ سیٹلائٹ تصاویر کے ذریعے سینکڑوں گاؤں کی تباہی کے شواہد پیش کیے۔اقوامِ متحدہ اور بین الاقوامی انسانی حقوق تنظیمیں روہنگیا مسلمانوں کے خلاف ہونے والے تشدد کو "نسلی صفائی" یا نسل کشی قرار دیتی ہیں۔

# پاکستان کے اسپتال کی نرسری میں آتشزدگی، کم از کم 15 نومولود بچے جاں بحق

اسلام آباد، 26 اگست (یواین آئی) پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد کے ایک سرکاری اسپتال کی نرسری میں آگ لگنے سے کم از کم 14 نومولود بچے جاں بحق ہو گئے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے واقعے پر تحقیقات کا حکم دیا ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق آگ بدھ کی صبح پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پی آئی ایم ایس) اسپتال کے مدر اینڈ چائلڈ سینٹر کی تیسری منزل پر لگی۔مقامی نشریاتی ادارے جیوٹی وی نے اسپتال ذرائع کے حوالے سے ہلاکتوں کی تعداد 15 بتائی ہے۔رپورٹ کے مطابق آگ مقامی وقت کے مطابق صبح 7 بجے سے کچھ دیر پہلے لگی اور اب اس پر قابو پا لیا گیا ہے۔جیوٹی وی نے بتایا کہ صرف ایک نومولود بچے کو زندہ بچایا جاسکا۔وزیر اعظم شہباز شریف نے ایکس پر جاری بیان میں جاں بحق بچوں کے اہل خانہ سے "گہری تعزیت" کا اظہار کرتے ہوئے حکام کو "فوری تحقیقات" کی ہدایت کی۔انہوں نے یقین دلایا کہ واقعے کے ذمہ دار افراد کے خلاف "سخت ترین کارروائی" کی جائے گی۔جیوٹی وی نے امدادی ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ ابتدائی طور پر آگ لگنے کی وجہ خراب ایئر کنڈیشننگ یونٹ میں شارٹ سرکٹ کو قرار دیا جا رہا ہے۔پاکستان میں عمارتوں میں آتشزدگی کے واقعات عام ہیں، جہاں حفاظتی ضوابط اور تعمیراتی قوانین پر اکثر عمل نہیں کیا جاتا یا ان کا نفاذ موثر نہیں ہوتا۔جنوری میں جنوبی بندرگاہی شہر کراچی کے ایک گنجان تجارتی مرکز میں شدید آتشزدگی سے کم از کم 65 افراد جاں بحق ہوئے تھے۔بدھ کا واقعہ پاکستان کی تاریخ میں اسپتالوں میں پیش آنے والے ہلاکت خیز آتشزدگی کے واقعات میں سے ایک ہے۔حکومت سرکاری اسپتالوں کے ذریعے رعایتی طبی سہولیات فراہم کرتی ہے، تاہم سرکاری شعبہ صحت شدید مالی قلت، ناقص انتظام اور گنجائش سے زیادہ مریضوں کے باعث مشکلات کا شکار ہے۔

# اسپیس ایکس دنیا کی سب سے بڑی خلائی بندرگاہ تعمیر کرے گی

سان فرانسسکو، 26 اگست (یواین آئی) حکام نے اعلان کیا ہے کہ اسپیس ایکس امریکہ کی ریاست لوزیانا میں دنیا کی سب سے بڑی خلائی بندرگاہ کی تعمیر کے لیے 100 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کرے گا۔لوزیانا اکنامک ڈیولپمنٹ اتھارٹی کی جانب سے منگل کے روز جاری کیے گئے بیان کے مطابق، یہ تنصیب ورمیلیون پیرش میں تعمیر کی جائے گی اور اسے سالانہ ہزاروں خلائی پروازوں کی مدد کے لیے ڈیزائن کیا جائے گا۔توقع ہے کہ یہ منصوبہ اگلے 10 سالوں میں براہ راست 3,000 ملازمتیں پیدا کرے گا اور یہاں اوسط سالانہ تنخواہ 92,600 ڈالر ہوگی۔گورنر جیف لینڈری نے کہا کہ آج لوزیانا کے لیے ایک انتہائی اہم لمحہ ہے، اور انہوں نے بات جاری رکھتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ ریاست کو خلائی پروازوں کی اگلی سرحد کے مرکز میں لا کھڑا کرے گا۔یہ پیش رفت اسپیس ایکس کا چوتھا اور سب سے بڑا لانچ سینٹر ہوگی، اور یہ کمپنی کے مکمل طور پر دوبارہ استعمال کے قابل اگلی نسل کے لانچ سسٹم اسٹارشپ پر مشتمل مشنز کی توسیع میں مرکزی کردار ادا کرے گی۔پوری صلاحیت پر پہنچنے کے بعد اس سائٹ پر پانچ لانچ کمپلیکس ہونے کی توقع ہے، جن میں سے ہر ایک میں دو لانچ پیڈ اور ایک پروپیلنٹ فیلڈ شامل ہوگی۔

# ایرانی حملوں سے امریکی جاسوسی نیٹ ورک کو اربوں ڈالر کا نقصان: رپورٹ



نیویارک، 26 اگست (اسپوتنک) ایران کے میزائل اور ڈرون حملوں کے نتیجے میں مغربی ایشیا میں امریکی خفیہ اداروں کے ٹھکانوں اور نگرانی کے آلات کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچا ہے، جبکہ ان کی مرمت پر اربوں ڈالر خرچ ہونے کا اندازہ ہے۔این بی سی نیوز نے یہ اطلاع دی ہے۔رپورٹ کے مطابق، ایرانی حملوں میں سی آئی اے سے منسلک ٹھکانوں، نگرانی کے آلات اور امریکی فوج کے ساتھ شیئر کیے جانے والے انٹیلی جنس آلات کو نشانہ بنایا گیا۔اس کے نتیجے میں امریکی کانگریس کو متاثرہ ٹھکانوں کی مرمت کے لیے اضافی فنڈز کا انتظام کرنا پڑ رہا ہے۔ان حملوں نے امریکی فوجی تیاریوں کی سنگین خامیوں کو بھی بے نقاب کیا ہے۔رپورٹ کے مطابق، امریکی ادارے ایران کے خلاف جنگ میں شامل تو ہوئے، لیکن انہوں نے ایران کے میزائل اور ڈرون ہتھیاروں سے اپنے فوجی اڈوں اور انٹیلی جنس ڈھانچے کے تحفظ کے لیے مناسب تیاری نہیں کی تھی۔سینٹر فار اسٹریٹیجک اینڈ انٹرنیشنل اسٹڈیز (سی ایس آئی ایس) کے سیٹھ جونز نے این بی سی نیوز سے کہا، "امریکہ اس جنگ میں شامل ہوا اور اس نے کسی بھی طرح اپنے ٹھکانوں کے تحفظ پر خاطر خواہ توجہ نہیں دی تھی۔" انہوں نے کہا، "اور ہمیں بھاری نقصان اٹھانا پڑا۔" رپورٹ کے مطابق، ایران کے خلاف امریکی جنگ نے تباہ شدہ فوجی اور خفیہ تنصیبات کی مرمت کے لیے بھاری مالی بوجھ کا اضافہ کر دیا ہے۔

# پاکستان نے افغان طالبان کا بدخشاں میں پاکستانی فورسز کی موجودگی کا دعویٰ مسترد کر دیا



افغانستان (ایجنسی) پاکستان کی وزارت اطلاعات نے افغان طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد کے اس دعوے کو "بے بنیاد" قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا ہے کہ حالیہ دنوں میں افغانستان کے صوبے بدخشاں میں ہونے والی جھڑپوں میں پاکستانی فوجی اہلکار ملوث تھے۔پاکستان کا یہ ردعمل اس پس منظر میں سامنے آیا کہ کابل میں طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے گزشتہ ہفتے ایک انٹرویو میں دعویٰ کیا تھا کہ طالبان مخالف عناصر پاکستان کے علاقے چترال کے راستے صوبے بدخشاں میں داخل ہوئے اور بعض پاکستانی فوجی اہلکار بھی مبینہ طور پر ان کے ہمراہ تھے۔افغان خبر رساں ادارے آماج نیوز نے ذبیح اللہ مجاہد کا ایک ویڈیو انٹرویو اپنے ایکس اکاؤنٹ سے شیئر کیا ہے جو انہوں نے جرمن میڈیا ادارے ڈی ڈبلیو کو دیا تھا۔آماج نیوز کی پوسٹ کے مطابق افغان طالبان کے ترجمان نے دعویٰ کیا کہ پاکستانی فورسز بدخشاں میں طالبان مخالف مسلح گروہوں کا ساتھ دے رہی ہیں۔اس پوسٹ کے مطابق ڈی ڈبلیو کو دیے گئے انٹرویو میں ذبیح اللہ مجاہد نے دعویٰ کیا کہ طالبان مخالف مسلح گروہوں کو پاکستان کی حمایت حاصل ہے اور یہ کہ کچھ عرصہ قبل بدخشاں میں مسلح اپوزیشن کے ارکان نے پاکستانی فورسز کے ساتھ کام بھی کیا تھا۔یہ مواد اس متن کا حصہ ہے، جسے آپ پڑھ رہے ہیں۔ یہ مواد Twitter / X نے فراہم کیا ہے اور جب آپ "مواد دکھائیں" پر کلک کریں گے تو وہ ممکنہ طور پر براہ راست آپ کے استعمال کا ڈیٹا جمع کر سکتے ہیں۔پاکستان کی وزارت اطلاعات نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ان دعووں کے حق میں کوئی قابل اعتماد ثبوت پیش نہیں کیا گیا۔وزارت نے واضح کیا کہ بدخشاں میں بدامنی اور وہاں جاری لڑائی افغانستان کے اندرونی مسائل کا نتیجہ ہے اور اس کا پاکستان کی طرف سے کسی بھی مبینہ مداخلت سے کوئی تعلق نہیں۔اسلام آباد نے مزید کہا کہ دستیاب آزاد ذرائع کی رپورٹوں سے پتہ چلتا ہے کہ بدخشاں کی جھڑپ طالبان اور ان کے مخالف مقامی مسلح گروہوں کے درمیان تصادم کا نتیجہ ہے۔پاکستانی وزارت اطلاعات نے طالبان پر زور دیا کہ وہ دوسروں کو مورد الزام ٹھہرانے کے بجائے اپنے سکیورٹی مسائل اور داخلی چیلنجز سے نمٹنے پر توجہ دیں۔وزارت اطلاعات نے اپنے بیان میں مزید کہا کہ پاکستانی حکومت مسلسل ایک پرامن اور مستحکم افغانستان کی حمایت کرتی رہی ہے اور اسے اپنے ہمسایہ ملک کو غیر مستحکم کرنے میں کوئی دلچسپی نہیں۔اس بیان میں مزید کہا گیا، "طالبان حکومت کو افغانستان کے اندرونی مسائل کا الزام پاکستان پر دھرنے کے بجائے اپنی حکمرانی میں پائی جانے والی ناکامیوں سے پیدا شدہ اور بڑھتے ہوئے چیلنجوں سے نمٹنا چاہیے۔بغیر ثبوتوں کے کیے جانے والے دعوے حقائق کا متبادل نہیں ہوسکتے۔"

# کیوبا-امریکہ مذاکرات جمود کا شکار ہیں: ڈیاز کانیل



ہوانا، 26 اگست (یواین آئی) برازیل کے اخبار فولہا ڈی ایس پاؤلو کی رپورٹ کے مطابق، کیوبا کے صدر میگوئل ڈیاز کانیل نے کہا ہے کہ امریکہ کے ساتھ مذاکرات جمود کا شکار ہیں اور اس کے لیے کوئی ایجنڈا طے نہیں ہے جبکہ انہوں نے کیوبا کے معاشی تباہی کے دہانے پر ہونے کے دعووں کو مسترد کر دیا۔ڈیاز کانیل نے کہا کہ بات چیت کی خواہش موجود ہے اور ہماری حکومت کے حکام نے امریکی حکومت سے ملاقاتیں کی ہیں لیکن ابھی تک آگے بڑھنا ممکن نہیں ہوسکا ہے۔انہوں نے کہا کہ کیوبا واشنگٹن کے ساتھ بات چیت کا راستہ قائم کرنے کا خواہاں ہے لیکن وہ دباؤ کے حالات میں مذاکرات کو مسترد کرتا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ دباؤ کے تحت بات چیت نہیں ہوسکتی، ہمیں بغیر کسی پیشگی شرط کے بات چیت کا راستہ تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔ڈیاز کانیل نے ٹرمپ انتظامیہ پر الزام لگایا کہ وہ کیوبا کا معاشی طور پر گلا گھونٹنے اور ایک ایسے سماجی بحران کو ہوا دینے کی کوشش کر رہی ہے جو کیوبا کے انقلاب کی تباہی کا سبب بنے۔انہوں نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ واشنگٹن کیوبا کے بچ نکلنے کے تمام راستے بند کرنے کی کوشش کر رہا ہے اور اس سلسلے میں انہوں نے امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کے بیانات کا حوالہ دیا۔ایندھن، بجلی، خوراک اور ادویات کی قلت کے باوجود انہوں نے اس دعوے کو مسترد کر دیا کہ ملک تباہی کے قریب ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم خود کو ایک پیچیدہ صورتحال میں پاتے ہیں، لیکن یہ صورتحال کیوبا کے عوام کی زبردست تخلیقی صلاحیتوں اور تاریخی ثابت قدمی کی عکاس ہے۔ڈیاز کانیل نے حکومتی بیوروکریسی کی وجہ سے پیدا ہونے والے مسائل اور اصلاحات کے نفاذ میں تاخیر کا اعتراف کیا لیکن انہوں نے ملک کے معاشی بحران کی بنیادی وجہ امریکہ کی ناکہ بندی کو قرار دیا۔فولہا ڈی ایس پالو میں نقل کیے گئے اعداد و شمار کے مطابق، ڈیاز کانیل کے عہدہ سنبھالنے کے بعد سے کیوبا کی معیشت میں 15 فیصد کی کمی آئی ہے۔گہرے ہوتے ہوئے بحران کے ماحول میں ملک کو بجلی کی طویل بندش اور ایندھن کی قلت کا بھی سامنا کرنا پڑا ہے۔ڈیاز کانیل نے جون میں کیوبا کی پارلیمان کی جانب سے منظور کردہ 176 معاشی اقدامات کے پیکیج کا دفاع کیا اور کہا کہ ان اصلاحات کا مقصد ملک کے سوشلسٹ معاشی ماڈل کو مضبوط بنانا ہے۔

